روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

قائمقام ایڈیٹر : فخرالحق شمس

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 28 / اکتوبر 2009ء 8 ذیقعد 1430 ہجری 28 اخاء 1388 ھش جلد 59-94 نمبر 244

دعا کا دروازہ

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم میں سے جس کے لئے دعا کا دروازہ کھولا گیا اس کیلئے رحمت کا دروازہ کھولا گیا۔

﴿جامع ترمذی کتاب الدعوات باب فی دعاء النبی حدیث نمبر: 3471﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یاد رکھو۔ ہمدردی تین قسم کی ہے۔ اول جسمانی، دوم مالی، تیسری قسم ہمدردی کی دعا ہے۔ جس میں نہ صَرفِ زر ہوتا ہے اور نہ زور لگانا پڑتا ہے اور اس کا فیض بہت ہی وسیع ہے، کیونکہ جسمانی ہمدردی تو اس صورت میں ہی انسان کر سکتا ہے۔ جبکہ اس میں طاقت بھی ہو۔ مثلاً ایک ناتواں مجروح مسکین اگر کہیں پڑا تڑپتا ہو، تو کوئی شخص جس میں خود طاقت اور توانائی نہیں ہے، کب اس کو اٹھا کر مدد دے سکتا ہے۔ اسی طرح پر اگر کوئی بیکس و بےبس، بے سروسامان انسان بھوک سے پریشان ہو تو جب تک مال نہ ہو۔ اس کی ہمدردی کیونکر ہو گی، مگر دعا کے ساتھ ہمدردی ایک ایسی ہمدردی ہے کہ نہ اس کے واسطے کسی مال کی ضرورت ہے اور نہ کسی طاقت کی حاجت بلکہ جب تک انسان انسان ہے، وہ دوسرے کے لئے دعا کر سکتا ہے اور اس کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ اس ہمدردی کا فیض بہت وسیع ہے اور اگر اس ہمدردی سے انسان کام نہ لے، تو سمجھو بہت ہی بڑا بدنصیب ہے۔

میں نے کہا ہے کہ مالی اور جسمانی ہمدردی میں انسان مجبور ہوتا ہے، مگر دعا کے ساتھ ہمدردی میں مجبور نہیں ہوتا۔ میرا تو یہ مذہب ہے کہ دعا میں دشمنوں کو بھی باہر نہ رکھے۔ جس قدر دعا وسیع ہوگی اسی قدر فائدہ دعا کرنے والے کو ہوگا اور دعا میں جس قدر بخل کرے گا۔ اسی قدر اللہ تعالیٰ کے قرب سے دور ہوتا جاوے گا اور اصل تو یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے عطیہ کو جو بہت وسیع ہے جو شخص محدود کرتا ہے اس کا ایمان بھی کمزور ہے۔

دوسروں کے لئے دعا کرنے میں ایک عظیم الشان فائدہ یہ بھی ہے کہ عمر دراز ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں یہ وعدہ کیا ہے کہ جو لوگ دوسروں کو نفع پہنچاتے ہیں اور مفید وجود ہوتے ہیں، ان کی عمر دراز ہوتی ہے (۔) اور دوسری قسم کی ہمدردیاں چونکہ محدود ہیں اس لئے خصوصیت کے ساتھ جو خیر جاری قرار دی جا سکتی ہے۔ وہ یہی دعا کی خیر جاری ہے، جبکہ خیر کا نفع کثرت سے ہے تو اس آیت کا فائدہ ہم سب سے زیادہ دعا کے ساتھ اٹھا سکتے ہیں اور یہ بالکل سچی بات ہے کہ جو دنیا میں خیر کا موجب ہوتا ہے۔ اس کی عمر دراز ہوتی ہے اور جو شر کا موجب ہوتا ہے۔ وہ جلدی اٹھا لیا جاتا ہے کہتے ہیں شیر سنگھ چڑیوں کو زندہ پکڑ کر آگ پر رکھا کرتا تھا۔ وہ دو برس کے اندر ہی مارا گیا۔ پس انسان کو لازم ہے کہ وہ خیر الناس .... بننے کے واسطے سوچتا رہے اور مطالعہ کرتا رہے۔ جیسے طبابت میں حیلہ کام آتا ہے۔ اسی طرح نفع رسانی اور خیر میں بھی حیلہ ہی کام دیتا ہے، اس لئے ضروری ہے کہ انسان ہر وقت اس تاک اور فکر میں لگا رہے کہ کس راہ سے دوسرے کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔

﴿ملفوظات جلد اول ص 352﴾

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ کا نیا وقت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 30 / اکتوبر 2009ء کو برطانیہ کا سٹینڈرڈ ٹائم تبدیل ہونے کی وجہ سے پاکستانی وقت کے مطابق شام 7:00 بجے ایم ٹی اے پر ٹیلی کاسٹ ہوگا اور یکم نومبر سے پاکستانی وقت میں تبدیلی کی وجہ سے جمعہ 6 نومبر سے حضور انور کا خطبہ جمعہ حسب سابق شام 6:00 بجے ہی ٹیلی کاسٹ ہوا کرے گا۔ احباب جماعت یہ اوقات نوٹ فرمالیں اور حضور پرنور کے پرمعارف ارشادات Live سننے کا خاص اہتمام فرمائیں۔

احمدی عورت کی ذمہ داری

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ سالانہ ہالینڈ میں عورتوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

عورت ہی ہے جس کی گود میں آئندہ نسلیں پروان چڑھتی ہیں اور عورت ہی ہے جو قوموں کے بنانے یا بگاڑنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود نے جس طرح کھول کر عورتوں کے حقوق وفرائض کے بارے میں فرمایا ہے اور قرآن کریم کی تعلیم کی روشنی میں جس طرح تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنے گھروں میں اپنے بچوں کو (دین حق) کی خوبصورت تعلیم کے مطابق تربیت دینے کی طرف توجہ دلائی ہے، اگر عورتیں اس ذمہ داری کو سمجھ لیں تو احمدیت کے اندر بھی ہمیشہ حسین معاشرہ قائم ہوتا چلا جائے گا اور پھر اس کا اثر آپ کے گھروں تک ہی محدود نہیں رہے گا، جماعت کے اندر تک ہی محدود نہیں رہے گا بلکہ اس کا اثر گھروں سے باہر بھی ظاہر ہوگا۔ اس کا اثر جماعت

﴿باقی صفحہ 12 پر﴾

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی تحریرات کی رو سے

اولاد کی تربیت اور اس کی اہمیت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''بعض لوگوں کا یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ اولاد کے لئے کچھ مال چھوڑنا چاہئے۔ مجھے حیرت آتی ہے کہ مال چھوڑنے کا تو ان کو خیال آتا ہے مگر یہ خیال ان کو نہیں آتا کہ اس کا فکر کریں کہ اولاد صالح ہو طالح نہ ہو۔ مگر یہ وہم بھی نہیں آتا اور نہ اس کی پروا کی جاتی ہے.............

پس وہ کام کرو جو اولاد کے لئے بہترین نمونہ اور سبق ہو اور اس کے لئے ضروری ہے کہ سب سے اول خود اپنی اصلاح کرو۔ اگر تم اعلیٰ درجہ کے متقی اور پرہیزگار بن جاؤ گے اور خدا تعالیٰ کو راضی کرلو گے تو یقین کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری اولاد کے ساتھ بھی اچھا معاملہ کرے گا۔''

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 444,443)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی گناہ کے بچپن میں پیدا ہونے اور تربیت کے بارہ میں فرماتے ہیں۔

''اصل بات یہ ہے کہ گناہ بچپن سے پیدا ہوتا ہے اور ہر ایک بدی بلوغ سے پہلے انسان کے دل میں جاگزین ہو جاتی ہے بلکہ بعض دفعہ تو پیدا ہونے سے پہلے بعض بدیوں کی ابتدا شروع ہو جاتی ہے۔ جب ایک شخص بالغ ہو جاتا ہے اور علماء کہتے ہیں اسے بدیوں سے بچاؤ۔ تو اس وقت وہ شخص پورے طور پر شیطان کے قبضہ میں جا چکا ہوتا ہے۔ میرے اس کہنے کا یہ مطلب نہیں کہ اس میں سب بدیاں پائی جاتی ہیں بلکہ یہ ہے کہ اس میں گناہ کی طاقت اور ان کا شکار ہو جانے کا میلان پیدا ہو چکا ہوتا ہے۔

اسی طرح گناہ لالچ، غصہ، ڈر، محبت خواہش کی زیادتی وغیرہ سے پیدا ہوتا ہے اب غور کرو کیا یہ وہی خصلتیں نہیں جو بچپن میں ہی بچہ سیکھتا ہے۔ کیا وہ اس کی چھوٹی چھوٹی بے ضرر نظر آنے والی عادتیں ہی نہیں ہیں جو سارے گناہوں کا موجب ہوتی ہیں ماں باپ کہتے ہیں جی بچہ ہے اس لئے فلاں فلاں فعل کرتا ہے مگر کیا بچپن ہی کا زمانہ وہ زمانہ نہیں ہے جب سب سے زیادہ گہری جگہ پکڑنے والے نقش جمتے ہیں۔ ایک شخص جو کسی کا مال چوری کر کے لے جاتا ہے اسے اگر بچپن میں اپنے نفس پر قابو کرنا سکھایا جاتا ہے تو وہ بڑا ہو کر چوری کا کیوں مرتکب ہوتا۔ ایک شخص جہاد کے لئے جاتا ہے مگر دشمن سے ڈر کر بھاگ آتا ہے لوگ کہتے ہیں کیسا خبیث ہے مگر غور کرو کیا اسے وہی بزدلی پیدا کرنے والے قصے نہیں بھگا لائے جو ماں اسے بچپن میں سنایا کرتی تھی۔ اسی طرح غصہ ہے۔ بچپن میں ماں باپ خیال نہیں رکھتے۔ اس وجہ سے بچہ بڑا ہو کر ہر ایک سے لڑتا پھرتا ہے۔

پھر کیا گناہ قوت ارادی کی کمی سے پیدا نہیں ہوتا؟ اور کیا یہ کمی کسی سبب کے بغیر ہی پیدا ہو جاتی ہے۔ آخر وجہ کیا ہے؟ کہ انسان ساری عمر ارادے کر کر کے توڑتا رہتا ہے مگر اس سے کچھ نہیں بنتا۔ یہ ارادہ کی کمی ایک ہی دن میں تو نہیں پیدا ہو جاتی بلکہ یہ بھی بچپن میں اور صرف بچپن میں پیدا ہوتی ہے۔ ورنہ کیا سبب ہے کہ باوجود سچی خواہش کے کہ میں فلاں بدی کو چھوڑ دوں یہ اسے چھوڑ نہیں سکتا اگر تربیت خراب نہ ہوتی تو انسان کی اصلاح کے لئے صرف اس قدر کہہ دینا کافی ہے کہ فلاں بات بری ہے اور وہ اسے چھوڑ دیتا اور وہ بات اچھی ہے اور وہ اسے اختیار کر لیتا۔

اب میں اس نقص سے اولاد کو محفوظ کرنے کا طریق بتاتا ہوں۔ پہلا دروازہ جو انسان کے اندر گناہ کا کھلتا ہے۔ وہ ماں باپ کے ان خیالات کا اثر ہے جو اس کی پیدائش سے پہلے ان کے دلوں میں مؤجزن تھے اور اس دروازہ کا بند کرنا پہلے ضروری ہے پس چاہئے کہ اپنی اولادوں پر رحم کر کے اپنے خیالات کو پاکیزہ بنائیں۔ لیکن اگر ہر وقت پاکیزہ نہ رکھ سکیں تو (دین حق) کے بتائے ہوئے علاج پر عمل کریں تا اولاد بھی ایک حد تک محفوظ رہے۔ (دین حق) ورثہ میں ملنے والے گناہ کا یہ علاج بتاتا ہے کہ جب مرد و عورت ہم صحبت ہوں تو یہ دعا پڑھیں۔ اے خدا ہمیں شیطان سے بچا اور جو اولاد ہمیں دے اسے بھی شیطان سے محفوظ رکھ۔

یہ کوئی ٹونا نہیں جادو نہیں اور ضروری نہیں کہ عربی کے الفاظ ہی بولے جائیں بلکہ اپنی زبان میں انسان کہہ سکتا ہے کہ الٰہی گناہ ایک بری چیز ہے اس سے ہمیں بچا اور بچہ کو بھی بچا۔ اس وقت کا یہ خیال اس کے اور بچہ کے درمیان دیوار ہو جائے گا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہ دعا کرنے سے جو بچہ پیدا ہوگا اس میں شیطان کا دخل نہیں ہوگا۔ کئی لوگ حیران ہوں گے کہ ہم نے تو کئی دفعہ دعا پڑھی مگر اس کا وہ نتیجہ نہیں نکلا جو بتایا گیا ہے مگر ان کے شبہ کا جواب یہ ہے کہ اول تو وہ لوگ اس دعا کو صحیح طور پر نہیں پڑھتے صرف ٹونے کے طور پر پڑھتے ہیں۔ دوسرے سب گناہوں کا اس دعا سے علاج نہیں ہوتا۔ بلکہ صرف ورثہ کے گناہوں کے لئے ہے۔

ورثہ کے گناہ کے بعد گناہ کی آمیزش انسان کے خیالات میں اس کے بچپن کے زمانہ میں ہوتی ہے اس کا علاج (دین حق) نے یہ کیا ہے کہ بچہ کی تربیت کا زمانہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ قرار دیا ہے جبکہ بچہ ابھی پیدا ہی ہوا ہوتا ہے''۔

بہت دیر لگے گی

همراہ مناجات کا ایک شور گیا ہے
جس رہ کا مسافر تھا اسی اور گیا ہے

تاریخ کتابیں یہ مقالے یہ حوالے
اک علم کا دریا تھا جو رخ موڑ گیا ہے

پھر ویسا کوئی آئے گا پر دیر لگے گی
مشکل سے بھرے گا جو خلا چھوڑ گیا ہے

کیا جانیے ہو خامہ و قرطاس بھی گریاں
اک یار کہن رشتہ جاں توڑ گیا ہے

راس عہد ستم کیش میں فرزانے ہیں ہر سو
دیوانوں سے منسوب تھا جو دور گیا ہے

افسردہ سی گلیاں ہیں در و بام ہیں خاموش
شاید کہ مرا شہر کوئی چھوڑ گیا ہے

(مبشر احمد محمود)

شک وشبہ سے بالا

ہے لعل و جواہر کی مالا خلافت
ہے نورِ نبوت کا ہالہ خلافت

تھی باطل کی تاریکی چھائی جہاں میں
تو ہے راہِ حق کا اُجالا خلافت

کہ کبر اور نفرت کے اس دور میں بھی
ہے الفت کے شربت کا پیالہ خلافت

ہے جاری جو یہ سلسلہ طاعتوں کا
نبوت کا ہے بول بالا خلافت

گناہ و معاصی پہ ہے تازیانہ
درِ شیطنت پہ ہے تالہ خلافت

دریدہ دہن چاہے جتنا بھی بولے
ہے ہر شک و شبہ سے بالا خلافت

(محمود انور)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ﴿مطبع: ضیاء الاسلام پریس﴾ ﴿مقام اشاعت﴾ دارالنصر غربی چناب نگر ﴿ربوہ﴾ قیمت 5 روپے

مکرم مبارک احمد بھٹی صاحب

خلق عظیم پر فائز نبی عظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

بیویوں سے حسن سلوک اور گھریلو کام کرنے کے اسوہ حسنہ کی چند جھلکیاں

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے ان کی مادی اور جسمانی ضرورتوں کے علاوہ ان کے اخلاقی ، روحانی ، تعلیمی اور تربیتی تقاضوں کو پورا کرنے کا انتظام بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے فرمایا۔ روحانی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے اس نے اپنے خاص بندوں کو رسول بنا کر بھیجا یہ رسول ہر دور میں ہر قوم میں وقتاً فوقتاً آتے رہے اور لوگوں تک اللہ کے احکام اور ہدایتیں پہنچاتے رہے۔ انبیاء کی اخلاقی تعلیمات کے ساتھ ساتھ ان کی معصوم زندگی کے شب و روز ان کے مقدس کارنامے اور ان کے پاک اخلاق واثرات جو لوگوں کے دلوں پر اترتے ہی چلے جاتے گئے۔ ان کی تعلیم اور صحبت کا فیض خوشبو بن کر پھیلتا گیا اور معاشرے کو معطر بنا دیا۔ ہمارے پیارے نبی آنحضرت ﷺ اللہ تعالیٰ کے وہ پیارے نبی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے تمام دنیا کیلئے رحمت و برکت بنا کر بھیجا آپ کی رحمت کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا!

اور اے (پیغمبر) ہم نے تمہیں تمام اقوام عالم (اور تمام مخلوق) کے لئے سراسر رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ (سورۃ انبیاء 28) آپ کی ولادت باسعادت کی خبر سن کر جب آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے آپ کا نام محمدؐ رکھا تو قریش نے آپ سے پوچھنا شروع کر دیا کہ اس کا کیا مطلب ہے؟ پھر وقت نے ثابت کر دیا کہ درحقیقت آپ کے نام محمدؐ میں ہی آپ کی کامیابی و کامرانی اور زندگی کے اعلیٰ درجہ کے اخلاق و عادات کی طرف اشارہ کر دیا گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ظاہر و باطن کو تمام دنیا کیلئے مثالی اور عملی نمونہ کے طور پر ظاہر فرمایا پھر انہیں اپنا محبوب بندہ بنا کر تمام دنیا کا حاکم اور کل عالم کے لئے ہدایت دینے والا عظیم راہنما بنایا۔ آپ کے نوع انسانی پر اتنے احسانات ہیں کہ ان کا شمار کسی انسان کے بس کی بات نہیں۔

انبیاء کی سیرت کا مطالعہ کیا جائے تو ان کا اللہ تعالیٰ سے پیار، ان کے شب و روز کے حالات، ان کی زندگی گزارنے کا طریقہ، بنی نوع انسان سے حسن سلوک محبت، شجاعت اور صبر و رضا کا پیمانہ، ان کے رحم و عدل اور عفو کا معیار اور عزیز و اقارب کے حقوق کا خیال یہ تمام خوبیاں کسی ایک نبی میں اکٹھی نہیں پائی جاتیں۔ اس لحاظ سے آپ کو کسی اور نبی کے ساتھ مماثلت دی ہی نہیں جاسکتی لیکن آپ کے اخلاق کریمانہ، آپ کی عظمت، افضل و اکمل ہونے پر اپنے تو اپنے غیر بھی عش عش کرنے لگ جاتے ہیں۔ آپ کی اخلاقی تعلیمات جو کہ سنت نبوی کی صورت میں محفوظ ہیں اس سے چودہ سو سال سے استفادہ کیا جا رہا ہے دنیا کا کوئی معاملہ اور کوئی مسئلہ ایسا نہیں جو آپ کو پیش نہ آیا ہو اور آپ نے فہم و فراست سے اپنے دلائل، اعلیٰ اخلاق سے اپنے قول و فعل سے اس کا حل نہ نکالا اور حل بھی ایسا کہ منکرین اور مشرکین کو بھی سوائے قبول کرنے کے اور کوئی چارہ نہ رہا ہو۔

حسن اخلاق

آپ نے ایک ایسے اخلاقی مذہب کی بنیاد ڈالی جس نے زندگی کے ہر معاملے میں واضح اصول پیش کئے ہیں حسین اور پُرسکون زندگی گزارنے کے طریقے اور سلیقے اس میں بیان ہوئے ہیں تاکہ تمام افراد کو فرداً فرداً ان کے جائز حقوق ملتے رہیں اور وہ آرام و سکون کے ساتھ اپنی زندگی گزار سکیں۔ (دین) نے معاشرے کی نشوونما اور اس کو پروان چڑھانے کیلئے حقوق و فرائض پر بہت زور دیا ہے۔ حقوق اللہ کے بعد حقوق العباد میں سب سے زیادہ ماں باپ، عزیزوں، رشتہ داروں، پڑوسیوں، یتیموں اور بیواؤں کا زیادہ ذکر کیا ہے۔ آپ نے اپنے عمل سے دکھایا کہ کس طرح حقوق العباد ادا کئے جاتے ہیں۔ کسی طرح ان رحمی رشتوں سے محبت اور پیار کا سلوک کیا جاتا ہے۔ آپ نے یہ تعلیم دی کہ انسان اپنی ذات اور اپنے اہل و عیال کی جائز ضروریات مناسب طریقے سے پوری کرے ان کے امن و سکون کا خیال رکھے ان کے علمی ادبی اور اخلاقی کردار کو اجاگر کرے اور ان کی نشوونما کیلئے پہلے خود نمونہ بنے۔

آپ کی زندگی کے شب و روز کھلی کتاب کی مانند ہیں گھر ہو یا بازار، خوشی ہو یا غمی، خوشحالی ہو تنگدستی ہر حال میں آپ کا اسوہ حسنہ لائق تقلید ہے۔ اسی لئے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے آپ کے اسوہ حسنہ پر عمل کرنے کے بارہ میں ارشاد فرمایا ہے۔

افضل البشر خیر الرسل خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی مطہر اور پاک زندگی اپنوں اور غیروں سے تعلقات اور اخلاق و عادات کے بارے میں ہزار ہا کتابیں لکھی جاچکی ہیں اور آپ کی خوبیاں آپ کے کمالات اتنے وسیع ہیں کہ ان کا احاطہ کرنا انتہائی مشکل ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کے اخلاق کی گواہی اس طرح دی۔ تو نہایت اعلیٰ درجہ کے اخلاق پر قائم ہے۔ (سورۃ قلم 5:)

یہ عاجز اس لطف و کرم کے اس پیکر کا، اس سمندر بیکراں کے اوصاف حمیدہ میں سے صرف ایک صفت یعنی آپ کا اپنی بیویوں سے حسن سلوک یا آپ کی عائلی زندگی کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

عورت اور مرد ایک دوسرے کیلئے قوت و طاقت اور فرحت و سکینت کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کے روحانی، اخلاقی، معاشرتی اور تہذیبی ارتقاء میں ایک دوسرے کے مددگار ہوتے ہیں۔ غمی خوشی میں ایک دوسرے کے شریک ہوتے ہیں دونوں کی محبت سے گھر امن کا گہوارہ بن جاتا ہے۔ دنیا میں ماں باپ کے رشتے کے بعد سب سے زیادہ قربت کا رشتہ میاں بیوی کا ہے اور یہ تعلق تاحیات جاری رہتا ہے کتنے خوش قسمت ہیں وہ جن کو بیوی کی طرف سے سکون اور راحت نصیب ہوتا ہے کتنی خوش نصیب ہے وہ بیوی جس کو میاں کی محبت وعبادت کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔ مرد دن بھر کے کام کاج سے تھکا ہوا آتا ہے تو بیوی کی مسکراہٹ سے ہی تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔ بیویوں کو اللہ تعالیٰ نے مرد کی تسکین کا سبب قرار دیا ہے اور ساتھ ہی بیویوں کو (ایک قسم کی) کھیتی قرار دیا ہے یعنی انہیں کے ذریعے سے انسانی نسل کی بقا ہے۔ انہیں کے ذریعے انسان کو اولاد دیتی بیٹے، بیٹیاں، پوتے، پوتیاں، نواسے، نواسیاں جیسے رشتے نصیب ہوتے ہیں ایک پودا جو صرف دو وجودوں کے جڑنے سے بنتا ہے وہ بڑھ کر ایک عظیم درخت بن جاتا ہے۔ قرآن مجید نے اس رشتے کی لطافت اور نزاکتوں کو نہایت فصیح و بلیغ انداز میں اس طرح بیان کیا ہے۔

وہ تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔ (البقرہ :187) یا مرد اگر عورت کی خوبصورتی ہیں تو عورت مرد کی خوبصورتی ہے۔ اس لحاظ سے لباس جتنا زیادہ خوبصورت اور پاکیزہ ہوگا محبت اتنی ہی زیادہ بڑھے گی اور اتنی ہی زیادہ پاکیزہ ہوگی اسی طرح اللہ تعالیٰ نے بیوی کو قرآن کریم میں سوچنے سمجھنے والوں کیلئے ایک نشان قرار دیا ہے اس بارہ میں اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

اور اس کے نشانات میں سے (یہ بھی) ہے کہ اس نے تمہارے لئے تمہاری ہی جنس میں سے جوڑے بنائے تاکہ تم ان کی طرف تسکین (حاصل کرنے) کیلئے جاؤ اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت پیدا کر دی۔ یقیناً اس میں ایسی قوم کے لئے جو غور و فکر کرتے ہیں بہت سے نشانات ہیں۔

(سورۃ الروم 21:)

بیوی بحیثیت انسان اپنے انسانی اور معاشرتی حقوق میں اپنے شوہر کے برابر ہے۔ ایک مرد کیلئے حکم ہے جو وہ خود کھائے وہ اس کو کھلائے جو خود پہنے اس کو پہنائے۔ معاشرے میں ایک مرد کو جتنی عزت ہے اس کے ساتھ عورت کو بھی اتنی ہی حاصل ہے بیوی اپنے شوہر کے بچوں کی جس طرح پرورش کرتی ہے جس طرح تربیت کرتی ہے راتوں کو جاگتی ہے اس لحاظ سے مرد کو بھی اس کا شکر گزار ہونا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی بارے میں قرآن کریم فرقان حمید میں فرمایا!

اور بیویوں کا حق دستور کے مطابق شوہروں پر ایسا ہی ہے جیسا شوہروں کا بیویوں پر اور مردوں کو ان پر ایک منزلت حاصل ہے۔ (سورۃ البقرہ: 228)

مجسم رحمت

آنحضرت ﷺ نے جو تمام دنیا کے لئے رحمت کے مجسم تمام دنیا کے لئے کامل محبت تھے بیوی کے ساتھ حسن سلوک اور اس کے حقوق کے بارے میں فرمایا!

تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنی بیویوں کیلئے سب سے بہتر ہے۔

ایک اور حدیث میں نبی کریم ﷺ نے بیوی کے وقار اور اس کی منزلت کو انتہا تک پہنچانے کیلئے اس کے ساتھ حسن و سلوک، مروت و احسان اور اس کی دلجوئی اور خبر گیری کو ایک شوہر کی خوبی اور اس کی شرافت کا معیار قرار دیا۔ آپ نے فرمایا!

مومنوں میں سے ایمان کے لحاظ سے کامل ترین وہ مومن ہے جس کے اخلاق اچھے ہیں اور تم میں سے خلق کے لحاظ سے بہترین وہ ہے جو اپنی عورتوں سے بہترین اور مثالی سلوک کرتا ہے۔

(ترمذی کتاب النکاح باب حق المراۃ علی زوجھا)

عرب میں عورت کی حالت زار

اسلام سے پہلے عرب کے معاشرے میں عورت کی کوئی حیثیت اور کوئی قدر و منزلت نہ تھی۔ ان کے معاشرتی اور معاشی حقوق کا کوئی تعین نہ تھا ذرا ذرا سی باتوں پر انہیں مارا پیٹا جاتا تھا۔ گو عورت کو اپنا خاوند خود انتخاب کرنے کا اختیار تو تھا مگر اس اختیار کے بعد وہ عملاً بے اختیار تھی۔ تعداد ازدواج کی کوئی حد نہ تھی اور جتنی بیویاں کوئی شخص رکھنی چاہتا رکھتا تھا بعض اوقات باپ کی منکوحہ پر بیٹا وارث کے طور پر قبضہ کر لیتا اور بعض دو حقیقی بہنوں سے بھی ایک وقت میں شادی کر لیتے تھے۔ طلاق کا رواج بھی عام تھا خاوند جب چاہے بیوی کو الگ کر سکتا تھا لڑکیوں کو ورثہ نہ ملتا تھا اور نہ ہی بیوی کو حتی کہ اگر کسی شخص کی نرینہ اولاد نہ ہوتی تھی تو اس کے مرنے پر سب ترکہ اس کا بھائی لے جاتا تھا اور اس کی بیوی اور لڑکیاں یونہی خالی ہاتھ رہ جاتی تھیں۔

معاشرہ کے حقوق و فرائض

اخلاق حسن معاملہ اور حسن سلوک کا نام ہے۔ معاشرے میں اگر کسی کی بیوی بچے نہ ہوں، ماں باپ نہ ہوں، بھائی بہن نہ ہو، تو عزیزوں اور رشتہ داروں میں ان پر کون سے فرائض عائد ہو سکتے ہیں۔ بلکہ بعض ایسے لوگ بھی ہیں جن کے ایسے رشتے نہیں ہوتے یا ختم ہو جاتے ہیں۔ تو وہ بھیڑیے بن جاتے ہیں۔ کہتے ہیں

میرا تو دنیا میں کوئی رونے دھونے والا نہیں مجھے کس چیز کی فکر وڈر ہے جو جی چاہے کرتا پھروں۔ مگر آنحضرت ﷺ نے تمام رشتوں کا تقدس قائم فرمایا اور انہیں ان کے حقوق دلوائے اور ان کے فرائض سے آگاہ فرمایا۔ آپ نے بیوی کو اپنے گھر کی ملکہ بنایا۔ ماں کے پاؤں تلے جنت کی بشارت دیکر اس کی گود کو عزت واحترام دیا تا کہ اس کی کوکھ میں پرورش پانے والی نسل بلند ہمتی اعلیٰ ظرفی بلند حوصلگی جیسے اوصاف سے سرفراز ہو سکے۔ پھر آپؐ نے فرمایا تم میں سے ہر ایک اپنی رعایا کا نگہبان ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی نسبت باز پرس ہوگی مرد اپنی بیوی بچوں کا رکھوالا ہے۔ اس سے اس کی پوچھ گچھ ہوگی اور بیوی اپنے شوہر کے گھر کی ملکہ اس سے اس کی پوچھ گچھ ہوگی۔

عورت کی بناوٹ

عورت کے ناز نخرے اٹھانا کوئی آسان کام نہیں، اس کی نازکی کا خیال رکھنا اس کی جائز ضرورتوں کو بھی پورا کرنا آجکل کے دور میں بہت مشکل ہے۔ جب شادی ہوتی ہے تو شروع میں تو بیوی کے ناز ونخرے اٹھائے جاتے ہیں اس کی ہر جائز وناجائز خواہش کو پورا کیا جاتا ہے۔ لیکن پھر بعد میں کہتے ہیں ہماری محبت کو کسی کی نظر لگ گئی ہے۔ حالانکہ میاں بیوی کو ہر وقت ہر حال میں ایک دوسرے میں خوبیاں تلاش کرنی چاہئیں کوئی کمزوری ہو اس کو چھپانا چاہئے اور درگزر کرنا چاہئے۔ آنحضرت ﷺ کے گھر کا نمونہ ہمارے لئے مثال ہے۔ ایک حدیث شریف حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا! مومن کو اپنی مومنہ بیوی سے نفرت اور بغض نہیں رکھنا چاہئے۔ اگر اس کی ایک بات ناپسند ہے تو دوسری بات پسندیدہ ہوسکتی ہے (یعنی اگر اس کی کچھ باتیں ناپسندیدہ ہیں تو کچھ اچھی بھی ہوں گی، ہمیشہ اچھی باتوں پر تمہاری نظر رہنی چاہئے)

آپ کا حسن عمل

حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ جب تک آپ کی رفیقہ حیات رہیں آپ نے کوئی دوسرا نکاح نہ کیا۔ حالانکہ اس زمانے میں عرب کے رسم ورواج کے مطابق تعداد ازدواج کوئی معیوب فعل نہ تھا۔ سرورکونین نے بعثت سے قبل سترہ سال اور بعثت کے بعد 11 سال حضرت خدیجہ کے ساتھ زندگی گزاری۔ آپ کی ساری اولاد حضرت خدیجہؓ سے ہوئی ان کی پرورش کا انہوں نے خاص خیال رکھا بڑے سلیقے سے آپ نے بچوں کی تربیت کی۔ جس پر آپ ﷺ کو حضرت خدیجہ پر بہت ناز تھا حضرت خدیجہ کا ذکر آپ اپنی وفات تک کرتے رہے اور فرماتے اس نے میرا اس وقت ساتھ دیا ہے جب میں اکیلا تھا اس نے مجھے اپنا سارا مال اسلام کی خدمت کیلئے پیش کیا۔ آپؐ اپنی تمام بیویوں کے رشتہ داروں اور عزیزوں کا خاص خیال رکھتے ان کو عزت واحترام سے بٹھاتے ان سے نرمی اور خوشی سے پیش آتے۔ خاص کر حضرت خدیجہ کی بہن ہالہ کی آواز کان میں پڑتے ہی کھڑے ہو جاتے اور خوش ہو کر ان کا استقبال فرماتے۔ گھر میں کوئی جانور ذبح ہوتا تو حضرت خدیجہ کی سہیلیوں کو ضرور بھجواتے اور یہ سلسلہ حضرت خدیجہ کی وفات کے بعد بھی جاری رہا۔ آپ حضرت خدیجہ کی وفات کے بعد بہت اداس ہوگئے اور اپنے آپ کو تنہا محسوس کرتے۔

پھر اس مدنی دور میں آنحضرت ﷺ کو تربیتی و قومی ضروریات کی بنا پر متعدد شادیاں کرنی پڑیں اور بیک وقت نو بیویاں تک آپ کے گھر میں رہیں آپ نے نہایت حسن انتظام اور کمال اعتدال سے عدل وانصاف کے ساتھ سب حقوق ادا کئے اور سب کا خیال رکھا۔ آپؐ نے جتنے بھی نکاح کئے صرف انہی عورتوں کی بھلائی کے لئے کئے اور زیادہ ازواج عمر میں بڑی تھیں۔ آپ نے حضرت سودہؓ کو محض اس لئے شرف ازدواج سے نوازا کہ ان کی بقیہ زندگی کے ایام راحت وآرام سے گزر سکیں۔ خاص کر مسلمان سیرت نگاروں نے آنحضرت ﷺ کی ازدواجی زندگی سے متعلق اور تمام مؤرخین چاہے مسلمان ہوں یا غیر مسلم ہر ایک نے آپؐ کے ازواج کے ساتھ حسن سلوک کی تعریف ہی کی ہے۔

ہر ادا خوبصورت تھی

ایک شخص نے حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سوال کیا کہ آنحضرت ﷺ کے اخلاق کیا تھے؟ آپ نے فرمایا کیا تم نے قرآن نہیں پڑھا۔ کان خلقه القرآن کہ آپ کے اخلاق وعادات عین قرآن کے مطابق تھے اور قرآن کریم نے بھی آپ کے اخلاق کی اسی طرح گواہی دی ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک دفعہ حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ آپ مجھے آنحضرت ﷺ کی کوئی بات بتائیں جو آپ کو زیادہ اچھی لگی ہو۔ اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رو پڑیں اور کافی دیر تک روتی رہیں اور جواب نہ دے سکیں پھر فرمایا کہ آپ کی تو ہر بات ہی خوبصورت تھی کس کا ذکر کروں اور کس کا ذکر نہ کروں۔ آنحضرت ﷺ کی تو سب باتیں سب ادائیں ہی خوبصورت تھیں۔

ایک اور جگہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک رات رسول اللہؐ میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا! اے عائشہ کیا آپ مجھے اس بات کی اجازت دیں گی کہ میں یہ رات اپنے محبوب خدا کی عبادت میں گزار دوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یقیناً مجھے تو آپ کی خوشی عزیز ہے۔ میں آپؐ کو خوشی سے اجازت دیتی ہوں اس پر حضور ﷺ اٹھے اور گھر میں لٹکے ہوئے ایک مشکیزہ کی طرف گئے اور وضو کیا پھر آپ نماز پڑھنے لگے اور قرآن کریم کا کچھ حصہ تلاوت فرمایا آپؐ کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگی ہوئی تھی پھر آپؐ بیٹھ گئے اور خدا کی حمد اور تعریف کی اور پھر رونا شروع کر دیا پھر آپؐ نے اپنے ہاتھ اٹھائے اور پھر رونے لگے یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ آپؐ کے آنسوؤں سے زمین تر ہوگئی اور اسی حال میں وہ رات گزر گئی۔ جب صبح کے وقت حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز کے لئے آپؐ کو بلانے آئے اس وقت بھی آپؐ کی آنکھوں میں آنسو جاری تھے انہوں نے عرض کی یا رسول اللہؐ آپؐ رو رہے ہیں کیا آپؐ کے متعلق اللہ نے یہ خوشخبری نہیں دی کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی سب کمزوریوں کو اپنے فضل سے دور کر دیا ہے اور آپؐ کو بخش دیا ہے پھر آپؐ کیوں روتے ہیں آپؐ نے فرمایا اے بلال! کیا میں خدا تعالیٰ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

(تفسیر کشاف جلد اول صفحہ 487 زیر آیت ان فی خلق السمٰوت والارض)

گھریلو ذمہ داریاں

آپ گھر کے تمام کام کاج خود کرتے، اپنے جوتے خود مرمت کرتے، بکری کا دودھ خود دوھ لیتے اپنے کپڑوں کا پیوند خود لگا لیتے اور جو بھی گھر کی ذمہ داریاں ہوتی ہیں ان کو خوب نبھاتے۔ گو آپؐ تمام دنیا کی ہدایت اور ایک عالم تک پیغام حق پہنچانے کی کٹھن ذمہ داری آپؐ کے نازک کندھوں پر تھی۔ اللہ تعالیٰ کے بندوں کا حق ادا کرنے کے علاوہ آپ کے گھر کے کام کاج کی وجہ سے کبھی بھی پریشان نہ ہوئے ہمیشہ چہرہ پر تبسم ہی رہتا۔

آجکل میاں بیوی میں تو بعض اوقات چھوٹی چھوٹی چیزوں کو بنیاد بنا کر جھگڑے کئے جاتے ہیں۔ مگر قربان جائیں آپؐ کے حسن اخلاق کے آپ کے گھر میں کئی کئی دن آگ نہ جلتی تھی آپؐ خود تو اپنے پیٹ پر بھوک سے سلیں باندھ لیتے مگر گھر والیوں کا بہت خیال رکھتے۔ گھر میں کھانا نہ ہونے کی صورت میں روزہ کی نیت فرما لیتے مگر ہمارے آقا ومولیٰ جو تقویٰ کے ایسے بلند اور روشن مینار پر فائز تھے کہ اپنے گھر والوں کے ساتھ چاہے کیسا ہی موقعہ ہو جنگ کا امن کا، سفر کا حضر کا ہمیشہ مثالی حسن سلوک فرماتے ان کی دلجوئی کرتے ان کی باتیں سنتے ان کے اختلاف ختم کراتے نہ بیزار ہوتے نہ اکتاتے گھر میں شگفتہ گفتگو فرماتے کبھی غضبناک یا برہم نہ ہوتے۔ ہمیشہ صبر سے کام لیتے آپؐ کے چہرہ مبارک پر ہمیشہ تبسم ہی رہتا حتیٰ کہ آپؐ نے کبھی بھی اپنے گھر والوں کو کوئی گالی تک نہیں دی۔ آپؐ کی ہی سیرت کا اثر تھا کہ آپ کی بہت ہی پیاری زوجہ نے اپنا سارا مال آپ کی خدمت میں پیش کر دیا۔

ازواج کی فدائیت

باوجود یہ کہ آپ بادشاہ بھی تھے بادشاہی کے زمانہ میں بھی ہر بیوی ایک چھوٹی سی کوٹھری میں گزارہ کرتی رہی اور کبھی بھی کوئی شکایت زباں پر نہ لائیں۔ بیویوں کی بھی اس فدائیت کی وجہ دراصل آنحضرت ﷺ کا ان کے ساتھ بے تکلف رہن سہن اور حسن سلوک ہی تھا آپ اسی کی محبت اور پیار سے رحمت مجسم بن کر دو جہانوں پر برسے۔ سب بیویوں کے برابر حقوق ادا کرتے کبھی کسی بیوی کی طرف سے ناانصافی کی شکایت نہ ہوئی آپ کے انصاف کا یہ عالم تھا کہ جنگ کے زمانے میں بھی بیویوں کو ساتھ لے جانے کیلئے قرعہ اندازی فرماتے جس کے نام قرعہ نکلتا اس کو ساتھ لے جاتے۔ آنحضرت ﷺ جب کبھی رات کو گھر لیٹ پہنچتے تو کسی کو جگائے بغیر کھانا خود تناول فرما لیتے کسی بیوی کو صرف اس لئے نہ اٹھایا تا کہ کسی کو تکلیف نہ ہو۔ ہر بیوی کی باری آٹھ دن بعد آتی تھی مگر آنحضرت ﷺ کی محبت وشفقت ایسی غالب تھی کہ ہر بیوی کو آپ کی رفاقت پر ناز تھا وہ ہر حال میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ خوش تھیں۔ کبھی کسی بیوی نے علیحدگی کا مطالبہ نہ کیا آپ کی تمام بیویاں آپ پر جان چھڑکتی تھیں۔

حضرت مسیح موعود حضرت محمد ﷺ کی شان وشوکت اور فضیلت کے بارے میں فرماتے ہیں۔

میرا مذہب یہ ہے کہ اگر رسول اللہ ﷺ کو الگ کیا جاتا اور کل نبی جو اس وقت تک گزر چکے تھے۔ سب کے سب اکٹھے ہو کر وہ کام اور اصلاح کرنا چاہتے جو رسول اللہ ﷺ نے کی۔ ہرگز نہ کر سکتے۔ ان میں وہ دل وہ قوت نہ تھی جو ہمارے نبیؐ کو ملی تھی۔ اگر کوئی کہے کہ یہ نبیوں کی معاذ اللہ سوء ادبی ہے تو وہ نادان مجھ پر افتراء کرے گا۔ میں نبیوں کی عزت وحرمت کرنا اپنے ایمان کا جزو سمجھتا ہوں لیکن نبی کریم ﷺ کی فضیلت کل انبیاء پر میرے ایمان کا جزو اعظم ہے اور میرے رگ وریشہ میں ملی ہوئی بات ہے۔ یہ میرے اختیار میں نہیں کہ اس کو نکال دوں۔ بدنصیب اور آنکھ نہ رکھنے والا مخالف جو چاہے سو کہے ہمارے نبی کریم ﷺ نے وہ کام کیا ہے جو الگ الگ اور نہ مل کر کسی سے ہوسکتا تھا اور یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ (ملفوظات جلد 1 صفحہ 420)

حضرت ابوبکر صدیقؓ

آپؓ کا نام عبداللہ تھا، ابوبکر کنیت، صدیق اور عتیق لقب۔ آپ کے والد کا نام عثمان اور کنیت ابوقحافہ تھی۔ آپ کی والدہ کا نام سلمیٰ اور ام الخیر کنیت تھی۔ آپ اسلام سے قبل ایک متمول تاجر کی حیثیت رکھتے تھے۔ آپ کی دیانت، امانت اور راست بازی کا عام شہرہ تھا اور مکہ میں ایک مقام حاصل تھا۔ مردوں میں سب سے پہلے قبول اسلام کی توفیق آپ کو ملی۔ آپ رسول اللہؐ کے گہرے دوست اور سفر وحضر کے ساتھی تھے۔ آپؓ ہجرت حبشہ کے ارادہ سے نکلے تو ایک رئیس ابن الدغنہ آپ کو واپس لے آیا۔ ہجرت مدینہ میں رسول اللہؐ کے ساتھ آپ غار ثور میں ثانی اثنین تھے۔ آپؓ ہر موقع پر خواہ جنگ ہو یا امن رسول اکرمؐ کے ساتھ ہوتے۔ 9ھ کے حج میں رسول اکرمؐ نے آپؓ کو امیر مقرر فرمایا۔ 10ھ میں رسول اکرمؐ کی وفات کے بعد آپ پہلے خلیفہ راشد چنے گئے۔ آپ کے کارہائے نمایاں میں سے ایک قرآن کو ایک صحیفہ کی صورت دینا بھی ہے۔ آپؓ نے 63 سال کی عمر میں 17 جمادی الثانی 13ھ کو وفات پائی۔ حضرت عمر فاروقؓ نے نماز جنازہ پڑھائی۔

قلوب عالم کی تسخیر کے لئے

فنا فی اللہ ہونے کی ضرورت

حضرت مصلح موعود نے بیت اقصیٰ قادیان کے منبر سے 7/اگست 1936ء کو کامل اطاعت اور فرمانبرداری کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا۔:

میں نے کئی دفعہ واقعہ سنایا ہے کہ اسی جنگ میں دو انصاری لڑکے بھی شامل تھے جو نہایت چھوٹی عمر کے تھے جن میں سے ایک لڑکے کے متعلق رسول کریم ﷺ نے بھی فیصلہ فرما دیا تھا کہ وہ اتنی چھوٹی عمر کا ہے کہ اسے لڑائی میں شامل نہیں کیا جاسکتا مگر وہ اتنا رویا اتنا رویا کہ رسول کریم ﷺ کو رحم آ گیا اور آپ نے اسے شامل ہونے کی اجازت دے دی۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ جو عشرہ مبشرہ میں سے تھے جنگ میں ان کے دائیں بائیں یہ دونوں لڑکے کھڑے تھے۔ وہ کہتے ہیں میں اپنے دل میں افسوس کر رہا تھا کہ آج چھوٹے چھوٹے لڑکے میرے دائیں بائیں ہیں میں کس طرح لڑسکوں گا کہ اتنے میں دائیں طرف سے مجھے کہنی پڑی میں نے مڑکر دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ اس لڑکے نے جو میرے دائیں طرف کھڑا تھا مجھے کہنی ماری ہے۔ مجھے اپنی طرف متوجہ پا کر کہنے لگا چچا! وہ ابوجہل کونسا ہے جو مکہ والوں کا سردار ہے میں نے سنا ہے کہ وہ رسول کریم ﷺ کو بڑا دکھ دیا کرتا تھا میں نے آج اس سے بدلہ لینا ہے۔ وہ کہتے ہیں میں ابھی اسے جواب بھی دینے نہ پایا تھا کہ دوسری طرف سے مجھے کہنی پڑی میں نے مڑکر دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ بائیں طرف کے لڑکے نے مجھے کہنی ماری ہے۔ اس نے بھی مجھے اپنی طرف متوجہ پا کر کہا چچا! وہ ابوجہل کونسا ہے جو مکہ والوں کا سردار ہے اور جو رسول کریم ﷺ کو بہت دکھ دیا کرتا تھا میں نے آج اس کی جان لینی ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کہتے ہیں کہ باوجود ایک تجربہ کار جرنیل ہونے کے میں خیال بھی نہیں کرسکتا تھا کہ ابوجہل کو مارسکوں گا کیونکہ وہ قلب لشکر میں کھڑا تھا اور پہرہ داروں کے جھرمٹ میں تھا اور بہادر سپاہی اس کی حفاظت کے لئے ننگی تلواریں لئے اس کے پہرہ پر کھڑے تھے۔ لیکن جب دونوں لڑکوں نے مجھ سے پوچھا تو میں نے انگلی اٹھائی اور کہا دیکھو! وہ جو قلبِ لشکر میں گھوڑے پر سوار ہے اور جس کے آگے پیچھے سپاہی ننگی تلواریں لئے کھڑے ہیں وہ ابوجہل ہے۔ وہ کہتے ہیں ابھی میرا ہاتھ نیچے نہیں آیا تھا کہ جس طرح باز چڑیا پر حملہ کرتا ہے وہ دونوں کُود کر لشکر کفار میں گھس گئے اور اس تیزی سے گئے کہ پہرہ داروں کے حواس باختہ ہو گئے مگر پھر بھی ایک پہرہ دار نے ان میں سے ایک کا ہاتھ کاٹ دیا مگر اس نے اس کی پرواہ نہ کی اور ابوجہل تک پہنچ ہی گیا اور دونوں لڑکوں نے مل کر ابوجہل کو گرا دیا اور اسے بری طرح زخمی کر کے گرا دیا جو بعد میں عبداللہ بن مسعودؓ کے ہاتھ سے مارا گیا۔

یہ وہ لوگ تھے جن کو ایک ہی دھن تھی کہ محمد ﷺ کے احکام کی اطاعت میں دنیا میں ایک نیا تغیر پیدا کر دیں۔ انہوں نے اطاعت کی اور اس کا پھل پالیا آج ہم جو کچھ کریں گے اس کا پھل آئندہ زمانہ میں پالیں گے مگر یہ چیز ہے جس کی طرف جماعت کو لانا ہمارا فرض ہے اسی لئے آجکل میں بالکل پرواہ نہیں کر رہا اور جماعت کا قدم آگے سے آگے بڑھا رہا ہوں۔

پچاس ہزار یا لاکھ دو لاکھ آدمی ساری دنیا کے مقابلہ میں کیا کر سکتے ہیں۔ پھر مال کے لحاظ سے انہیں دیکھو تو ان کے پاس مال کہاں ہے، طاقت کے لحاظ سے انہیں دیکھو تو ان کے پاس طاقت کہاں ہے۔ پس میں دنیا کی فتح کا آدمیوں کے ذریعہ اندازہ نہیں کرتا آدمی میرا ساتھ نہیں دے سکتے بلکہ ایمان اور اخلاص میرا ساتھ دے سکتا ہے اور جب کسی انسان کے ساتھ ایمان اور اخلاص شامل ہو جائے تو ساری دنیا کے خزانے مل کر بھی اس کے مقابلے میں ہیچ ہو جاتے ہیں۔ آج میں خصوصیت کے ساتھ اسی مسئلہ کو بیان کرنے کے لئے آیا ہوں کہ جماعت کو توجہ دلاؤں کہ **اس مقام کو حاصل کئے بغیر جس میں انسان فنا فی اللہ ہو جاتا ہے کسی قسم کی کامیابی اور ترقی حاصل نہیں ہو سکتی۔"**

(خطبات محمود جلد 17 ص 514)

ہو گئے جو عشق مولیٰ میں فنا
عیش دنیا سے انہیں رغبت کہاں
کشتگان خنجر تسلیم کو
رنگ و بو میں غیر کی لذت کہاں

(حضرت سید میر محمد اسمٰعیل)

محترمہ لیڈی ڈاکٹر آصفہ نعیم خان صاحبہ کا ذکر خیر

مکرم عبدالرشید ساٹری صاحب

مکرم و محترم نعیم احمد خان صاحب نائب امیر و سیکرٹری وقف جدید جماعت احمدیہ کراچی و سابق ناظم علاقہ مجلس انصاراللہ ضلع کراچی کی بیگم صاحبہ لیڈی ڈاکٹر آصفہ نعیم خان صاحبہ صدر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی مورخہ 28/اگست 2009ء بروز جمعہ (6 رمضان المبارک) بوقت ایک بجے دوپہر بعمر 75 سال اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہوگئیں۔

مرحومہ خداتعالیٰ کے فضل و کرم سے موصیہ تھیں۔

دوسرے دن تدفین کے لئے ان کا جنازہ ربوہ لے جایا گیا۔ اسی دن بیت المبارک میں بعد نماز عصر مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ و امیر مقامی ربوہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب نے اجتماعی دعا بھی کروائی۔

محترمہ لیڈی ڈاکٹر صاحبہ مرحومہ مکرم و محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب آف کامٹی کی بیٹی اور حضرت مولوی فیض الدین صاحب آف سیالکوٹ رفیق حضرت مسیح موعود کی نواسی تھیں۔ آپ کی والدہ محترمہ غلام فاطمہ صاحبہ رفیق حضرت مسیح موعود تھیں اور خدا کے فضل سے لجنہ اماء اللہ کراچی کی مجلس عاملہ کی سرگرم رکن بھی رہ چکی تھیں۔

مرحومہ نے دینی خدمات کے علاوہ پیشہ وارانہ قابل قدر مساعی کو بھی جماعت میں پیش کرنے کی توفیق پائی ہے جن کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔

لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی کے زیر اہتمام ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کراچی کی آپ تاحیات صدر رہی ہیں اور تمام ذمہ داریوں کو احسن رنگ میں سرانجام دیتی رہیں۔ تمام لیڈی ڈاکٹرز سے مسلسل رابطہ رکھتی تھیں۔ ایسوسی ایشن کی باقاعدہ میٹنگز (Meetings) منعقد کرواتیں اور اہم امور کو سرانجام دینے کے لئے ہر لیڈی ڈاکٹر کو فرداً فرداً ہدایات دیتی تھیں۔

جماعت احمدیہ کراچی کے ماتحت مارٹن روڈ اور منظور کالونی میں دو فضل عمر ڈسپنسریاں قائم ہیں۔ محترمہ مرحومہ مریضوں کے علاج کے لئے ہفتہ میں دو دن خود جا کر سارا دن کام میں مصروف رہتیں اور دیگر ایام میں دوسری لیڈی ڈاکٹرز کی ڈیوٹیوں کا اہتمام کرتی تھیں تاکہ ڈسپنسریوں کے کاموں میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ اس کے علاوہ مرحومہ نے خدمت خلق کے جذبے کو لیڈی ڈاکٹرز میں بھی قائم رکھنے کے لئے اہم کردار ادا کیا اور بفضل اللہ تعالیٰ خود بھی توفیق پائی۔

آپ مضافات کراچی میں جماعت کی طرف سے میڈیکل کیمپس کے انعقاد کا باقاعدہ اہتمام کرتی تھیں، خود مریضوں کا علاج کرتی تھیں اور دوسری لیڈی ڈاکٹرز کو باری باری میڈیکل کیمپس میں مریضوں کو دیکھنے کے لئے بھجواتی تھیں۔ میڈیکل کیمپس کے ذریعہ ہزاروں مریضوں کا علاج کیا اور انسانیت کی خدمت کی توفیق پائی۔

آپ کو خاندان حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت سے دلی لگاؤ اور گہری محبت تھی اور یہی جذبہ انہوں نے اپنی اولاد میں بھی پیدا کیا۔ جماعت اور لجنہ کے کاموں، اجلاسات اور قرآن کی کلاسز میں شرکت کرتی تھیں۔ یعنی دینی کاموں میں شوق سے حصہ لیتی تھیں۔ مالی قربانی میں بھی نمایاں حصہ تھا۔ پنجوقتہ نمازوں کی پابند اور تہجد گزار تھیں۔

ان کی چند اہم ذاتی خصوصیات یہ تھیں کہ مرحومہ بہت ملنسار، مہمان نواز، غریب پرور خصوصاً عیدین کے موقعہ پر ضرورت مندوں کا خیال رکھتی تھی اور مستحقین کی مالی مدد بھی کرتی رہتی تھیں۔ کیونکہ بحیثیت لیڈی ڈاکٹر خدمت خلق کا ان میں خاص جذبہ موجزن تھا۔

مرحومہ سادہ طبیعت، نیک فطرت اور تقویٰ کی راہ پر چلنے والی خاتون تھیں۔ نیکی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی تھیں۔ وہ شکر و اطمینان، صبر و رضا، اخلاص اور صدق و وفا کے ساتھ اپنی زندگی گزار کر اس دنیا سے رخصت ہوئیں۔ دنیاوی آلائشوں سے پاک، سادگی اور حیا کا پیکر، نیک دل اور بے نفس وجود تھیں۔ ہر ایک کے ساتھ پیار اور محبت سے پیش آتی تھیں۔ اپنے بچوں کے ساتھ ہمیشہ محبت اور پیار کا سلوک کرتی تھیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے چار خلفاء احمدیت کا زمانہ دیکھنا نصیب ہوا۔

مرحومہ نے پسماندگان میں خاوند مکرم نعیم احمد خان صاحب اور 4 بچے مکرمہ لیڈی ڈاکٹر عمارا چوہدری صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر عبدالغفار چوہدری صاحب، مکرمہ لیڈی ڈاکٹر امامہ نعیم صاحبہ، مکرمہ نبیلہ عادل صاحبہ اہلیہ مکرم عادل مبشر صاحب گروپ کیپٹن، مکرم ڈاکٹر ناصر احمد صاحب یادگار چھوڑے ہیں۔

احباب جماعت سے دعا کی مؤدبانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

کمر درد

وجوہات اور علامات

کمر درد کو طبی زبان میں ''ڈورسالجیا Dorsalgia'' بھی کہتے ہیں جس کا ماخذ پٹھے، اعصاب، ہڈیاں، جوڑ یا ریڑھ کی ہڈی کے ڈھانچے میں شامل مختلف حصے ہوسکتے ہیں۔ کمر درد اچانک بھی لاحق ہوسکتا ہے اور طویل عرصے تک رہنے والی بیماری بھی بن سکتی ہے۔ یہ مسلسل بھی ہوسکتا ہے اور وقفے وقفے سے بھی۔ کمر درد کمر کے کسی مخصوص حصے میں بھی ہوسکتا ہے اور دیگر مختلف حصوں میں بھی پھیل سکتا ہے۔ یہ ہلکا درد بھی ہوسکتا ہے اور تیز اور کاٹ کر رکھ دینے والا بھی، اس میں سوزش یا جلن کا احساس بھی ہوسکتا ہے۔ کمر کا درد گردن میں بھی محسوس ہوسکتا ہے اور وہاں سے یہ بازوؤں اور ہاتھوں میں بھی جاسکتا ہے۔ یہ بالائی کمر میں بھی ہوسکتا ہے اور زیریں کمر میں بھی اور وہاں سے ٹانگوں اور پیروں میں بھی پھیل سکتا ہے۔ اس میں کمر درد کے ساتھ دیگر علامات بھی نمودار ہوسکتی ہیں۔ مثلاً کمزوری، سن ہو جانا یا جھنجھلاہٹ کا احساس۔

کمر درد انسان کو ہونے والی ایک عام شکایت ہے۔ امریکہ میں شدید کمر درد پانچویں بڑی وجہ ہے جس کے باعث لوگ ڈاکٹروں کے پاس آتے ہیں۔ نوے فیصد افراد کو زندگی کے کسی نہ کسی حصے میں کمر درد کی شکایت ضرور ہوتی ہے جبکہ پچاس فیصد کام کرنے والے افراد کو ہر سال کمر درد کی شکایت ہوتی ہے۔ دراصل ریڑھ کی ہڈی، اعصاب، جوڑوں، پٹھوں، مہروں اور کرکری ہڈیوں کا ایک ایسا پیچیدہ نظام ہے جس کے تمام حصے درد پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ بڑے اعصابی ریشے جو ریڑھ کی ہڈی سے شروع ہوتے ہیں اور ٹانگوں اور ہاتھوں تک جاتے ہیں۔ درد کو انتہائی سطح تک پھیلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ کمر درد کسی شدید طبی مسئلے کا اشارہ بھی ہوسکتی ہے۔ حالانکہ اکثر اوقات یہ بنیادی وجہ نہیں ہوتی۔ کمر درد شدید نوعیت اور زندگی کو خطرے میں ڈالنے والے مسائل مثلاً آنتوں اور مثانے پر سے کنٹرول ختم ہونے یا ٹانگوں کی بڑھتی ہوئی کمزوری کا اشارہ بھی ہوسکتی ہے۔

